MAY 2025 **U/ID 33278/ULF3A**

Time : Three hours Maximum : 75 marks

PART A — (10 × 2 = 20 marks)

نوٹ: کوئی دس سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ایک یا دو جملوں میں جواب دیجئے۔

1. اردو میں کن کن زبانوں کے الفاظ شامل ہیں؟
2. مسلمان حملہ آور سب سے پہلے ہندوستان کے کس علاقے پر حملہ آور ہوئے؟
3. لفظ ''اردو'' کس زبان سے ماخوذ ہے؟
4. ''پہلوان سخن'' کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟
5. مغلیہ حکومت کا آخری تاجدار کون ہے جو اردو کا شاعر بھی تھا؟

6. اردو کا تعلق لسانیات کے کس خاندان سے ہے؟

7. ''سبرس'' کس کی تصنیف ہے؟

8. ''مطلع'' کسے کہتے ہیں؟

9. میر تقی میر کی پیدائش کہاں ہوئی؟

10. ''مقطع'' کسے کہتے ہیں؟

11. ڈپٹی نذیر احمد کے کسی دو ناولوں کے نام بتائیے؟

12. ''آثار الصنادید'' کس کی لکھی ہوئی کتاب ہے؟

PART B — (5 × 5 = 25 marks)

نوٹ : ذیل کے کسی پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر جواب دو سو الفاظ سے کم نہ ہو۔

13. قطب شاہی دور کی شاعری پر اظہار خیال کیجئے۔

14. ولی دکنی کی شاعری پر ایک نوٹ لکھئے۔

15. نظیر اکبر آبادی کے کلام کی انفرادیت کا جائزہ لیجئے۔

16. اردو میں مرثیہ نگاری کی روایات پر اظہار خیال کیجئے۔

17. علامہ اقبال کی شاعری پر ایک اختصاریہ لکھئے۔

18. الطاف حسین حالی کی مسدس پر اظہار خیال کیجئے۔

19. سر سید احمد خاں کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجئے۔

PART C — (3 × 10 = 30 marks)

نوٹ : کوئی تین سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر جواب پانچ سو الفاظ سے کم نہ ہو۔

20. اردو زبان کے آغاز وابتداء کا جائزہ لیجئے۔

21. جگر مرادآبادی کی غزلیہ شاعری کی خصوصیات کا جائزہ لیجئے۔

22. اردو میں افسانہ نگاری کی تاریخ کا اجمال پیش کیجئے۔

23. اردو میں مضمون نگاری کی روایات کا اجمالی جائزہ پیش کیجئے۔

24. ذیل کے عناوین میں سے کسی ایک پر سیر حاصل مضمون لکھئے۔

(الف) مذہب نہیں سکھاتا آپس میں بیر رکھنا۔

(ب) اردو زبان کا مستقبل۔

(ج) صحت دورزش کی ضرورت۔
